RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: December 19, 2024
PDF Created On: Fri, Dec 27 2024 11:03:42 pm

# ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان

,Green Pakistan - پاکستان گرین,Snippets

ملتان۔ محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں گل داؤدی کی نمائش کا افتتاح وائس چانسلر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ اور وائس چانسلر وویمن یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے کیا

پریس ریلیز 19دسمبر 2024
ملتان۔ ایم این ایس زرعی یونیورسٹی کے شعبہ ہارٹیکلچر، شعبہ ہوم سائنس اور ڈائریکٹوریٹ آف اسٹیٹ منیجمنٹ کی جانب سے چوتھی سالانہ گل داؤدی کی دو روزہ نمائش کا شاندار آغاز ہو گیا۔ اس موقع پر افتتاحی تقریب میں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ نے کہا کہ پھولوں کی نمائش طلباء کو اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا ایک بہترین موقع فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پھول انسانوں کے درمیان محبت اور بھائی چارے کی علامت ہیں۔مہمان خصوصی کے طور پر وویمن یونیورسٹی ملتان کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے کہا کہ پھول اور خوشبو انسانوں کے جذبات کا اظہار کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ انہوں نے طلباء اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پھولوں کی خوشبو دوستی اور محبت کا پیغام دیتی ہے۔ڈاکٹر گلزار اختر نے کہا کہ فلوریکلچر کو فروغ دے کر نہ صرف کاشتکاروں کی معاشی حالت کو بہتر بنایا جا سکتا ہے بلکہ ملک کو زر مبادلہ کمانے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔اس نمائش میں گل داؤدی کی مختلف اقسام کو پیش کیا گیا اور طلباء نے پھولوں سے بنائی گئی مصنوعات کے سٹال بھی لگائے،جس نے منفرد اور انوکھے انداز سے یونیورسٹی اکیڈمک بلاک میں میلے کی کیفیت پیدا کردی۔چار درجن سے زائد پھولوں، ڈیزائن شدہ گملوں اور آرٹ و ڈیزائن اور ہارٹیکلچر و ہوم سائنس شعبہ جات کے طلباء و طالبات کے ہنر کے جوہر نے شائقین و مہمانوں کے دل موہ لئے۔
دیگر جامعات سے غازی یونیورسٹی ڈیرہ غازی خان، کامسٹ یونیورسٹی وہاڑی کمپس، بیکن ہاوس سکول ملتان اور دی سٹی پبلک سکول ملتان سے اساتذہ اور طلباء کے وفود نے میلے میں چار چاند لگا دیے۔اس موقع پر ملک زاہد سلطان ڈپٹی سی ای او کنٹونمنٹ بورڈ ملتان،ڈاکٹر شفقت سعید،ڈاکٹر عمر فاروق،ڈاکٹر محمد آصف رضا،ڈاکٹر عبدالغفار،ڈاکٹر سلمان قادری،ڈاکٹر عنصر نعیم اللہ،چوہدری ظہیر احمد،طاہر سعید فلوریکلچر،ڈاکٹر امجد فاروق،ڈاکٹر امبرین ناز اور سکالر و موٹیویشنل سپیکر حکیم عامر رزاق اوبھایا نے خصوصی شرکت کی۔
ریاض احمد ہراج
ترجمان زرعی یونیورسٹی ملتان

11:03:42 pm

---

[Read This Post On RKI Website]